**07.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

-----------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے کل لوک سبھا میں بحث کا آغاز کریں گے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے لداخ میں Shyok Tunnel سمیت سرحدی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کے 125 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔

☆ گوا سرکار نے Arpora کے مقام پر آگ لگنے کے واقعے کی انکوائری مجسٹریٹ سے کرائے جانے کا حکم دیا ہے، جس میں 25 افراد کی موت ہوئی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے پنجاب، ہریانہ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں سردی کا زور جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور مردوں کی ہاکی میں، بھارت اور میزبان جنوبی افریقہ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج شام کیپ ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Vande Matram Discussion**

قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے تعلق سے خصوصی بحث کل لوک سبھا میں شروع ہوگی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق وزیرِ اعظم نریندر مودی لوک سبھا میں بحث کا آغاز کریں گے۔

اِس سے قبل پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ دن بھر چلنے والی یہ بحث دن میں 12 بجے شروع ہوگی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کی صدارت میں سبھی پارٹیوں کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ وندے ماترم پر بحث 8 تاریخ کو ہوگی، جبکہ چناؤ اصلاحات پر بحث 9 دسمبر کو کرائی جائے گی۔

**SB - Kiren Rijiju**

**Rajnath Singh**

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے سات ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام دو علاقوں میں **Shyok Tunnel** سمیت کلیدی اہمیت کے حامل بنیادی ڈھانچے کے **125** پروجیکٹوں کا افتتاح کیا، جنہیں سرحدی سڑک تنظیم **BRO** نے تعمیر کیا ہے۔

افتتاحی تقریب کے دوران جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کے یہ پروجیکٹ بھارتی فوج اور سرحدی سڑک تنظیم کی عظیم قربانی کو یاد رکھنے کیلئے وقف ہیں، جنھوں نے ملک کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کردیا۔

وزیرِ دفاع نے کہا کہ لیہہ میں **Shyok Tunnel** سے لداخ میں بڑی تبدیلی آئے گی کیونکہ اِس سے ہر طرح کے موسم اور سخت سردی کے حالات میں بھی **Connectivity** اور **Mobility** کی سہولت برقرار رہے گی۔

سرحدی سڑک تنظیم کی ستائش کرتے ہوئے، جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ **Shyok Tunnel** سے خطے کی ترقی، سیاحت اور اقتصادی سرگرمیوں کو بڑھاوا ملے گا اور **Logistics** میں بھی مدد ملے گی۔

**SB - Rajnath Singh**

**SIR**

انتخابی کمیشن کی جانب سے ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی **SIR** کے دوسرے مرحلے میں تیزی آتی جارہی ہے۔

مدھیہ پردیش میں یہ عمل تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

**VC - Vipin Kumar**

*انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق مدھیہ پردیش میں **SIR** کا کام تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ ریاست کے **12** سے زیادہ ضلعوں میں ذاتی معلومات سے متعلق فارمس کو ڈیجیٹل شکل دینے کا کام **100** فیصد مکمل کرلیا گیا ہے۔ **Damoh** ضلعے میں ووٹر فہرستوں پر تفصیلی نظرِ ثانی کا کام قریب قریب پورا ہوگیا ہے۔ اِدھر معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر مدھیہ پردیش سرکار نے ایک منفرد پہل کی ہے۔ **SIR-2026** کے تحت اشاروں کی زبان میں ایک خصوصی ویڈیو جاری کیا گیا ہے تاکہ **2003** کی ووٹر فہرستوں میں اپنا نام ڈھونڈنے میں آسانی ہوسکے۔ اِس پہل کا مقصد معذور افراد کی مساویانہ شمولیت کو یقینی بنانا اور جمہوری عمل کو مزید مستحکم کرنا ہے۔*

*بھوپال سے **Vipin** کمار مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...*

اِدھر اترپردیش میں بھی خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی **SIR** مہم کے تحت ووٹر فہرستوں پر نظرثانی کا کام تیزی کے ساتھ چل رہا ہے۔ ریاست کے اعلیٰ چناؤ افسر **Navdeep Rinwa** نے بتایا کہ **91** ہزار سے زیادہ بوتھوں پر **SIR** کا **100** فیصد کام مکمل ہوچکا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Prem Gupta**

امبیڈکر نگر کے ضلع چناؤ افسر انوپم شکلا نے بتایا کہ ضلعے میں خصوصی تفصیلی نظرِثانی کا کام قریب قریب 100 فیصد ہوچکا ہے۔ امروہہ میں SIR کا کام قریب قریب 100 فیصد مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ فتح پور ضلعے میں SIR عمل کے تحت نواسی فیصد تصدیق کا کام پورا ہوچکا ہے۔ گورکھپور میں بھی ووٹر فہرستوں پر نظرِثانی کا کام تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ دیپک Meena نے بتایا کہ چناؤ میں شفافیت اور رائے دہندگان کے حقوق کے تحفظ کیلئے یہ عمل اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے سبھی شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی بھرپور شمولیت کو یقینی بنائیں۔

گورکھپور سے پریم چندر گپتا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک

## Umeed Portal Closed

وقف املاک کے بندوبست سے متعلق Umeed پورٹل مزید اَپ لوڈ کیلئے کل سے باضابطہ طور پر بند ہوگئی ہے۔ اقلیتی امور سے متعلق وزارت نے بتایا ہے کہ Umeed ایکٹ 1995 اور سپریم کورٹ کی واضح ہدایات کے مطابق پورٹل نے چھ مہینے کی مدت مکمل کرلی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ پورٹل پر پانچ لاکھ سے زیادہ وقف املاک کا تذکرہ کیا گیا تھا، جبکہ متعلقہ اہلکاروں نے دو لاکھ سے زیادہ املاک کو منظوری دی۔

اقلیتوں کے امور سے متعلق وزارت نے بتایا ہے کہ دلّی میں دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا تھا تاکہ وقف بورڈس اور ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے اہلکاروں کو اَپ لوڈ کے عمل کے تعلق سے تربیت فراہم کی جاسکے۔ x

## Fire Goa

گوا میں Bardez تعلقہ میں Arpora کے مقام پر ایک کلب میں زبردست آگ لگنے سے 25 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ کئی لوگ زخمی ہوئے۔ مقامی حکام نے اِس پر قابو پانے کیلئے فوری طور سے کارروائی کی۔ آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ اِس واقعے کے تناظر میں کنٹرول روم قائم کئے گئے ہیں۔

ریاست کے وزیرِ اعلیٰ پرمود ساونت نے جائے حادثہ کا دورہ کرنے کے بعد مجسٹریٹ کے ذریعے انکوائری کرائے جانے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے متاثرہ کنبوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جوابدہی کو یقینی بنانے اور قصور وار افراد کے خلاف کارروائی کیلئے بھرپور کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ زخمی افراد کی حالت میں استحکام ہے اور انہیں بہتر سے بہتر طبی علاج معالجہ فراہم کیا جارہا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس واقعے کو انتہائی افسوسناک قرار دیا ہے اور سوگوار کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ جناب مودی نے وزیرِ اعظم کے قومی امدادی فنڈ سے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے دو - دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو 50 - 50 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ x

## Shukla Delhi AI Grind

بھارت کے خلاء باز اور بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن، شبھانشو شُکلا نے کہا ہے کہ آرٹیفیشیل انٹلی جنس، ترقی اور

پیشرفت کے ہر شعبے کا اٹوٹ حصہ بن گئی ہے۔ آج نئی دلّی میں دلّی اے آئی Grind ’’بھارت کے پہلے سِٹی Centric اے آئی اختراعی انجن‘‘ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے، شبھانشو شُکلا نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ AI ہر پہلو سے وابستہ ہوگئی ہے اور یہ مختلف مقاصد حاصل کرنے کا ایک وسیلہ بن گئی ہے اور اِس کا استعمال بھرپور انداز سے کیا جارہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 2047 تک وِکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے کی خاطر، یہ وہ شعبے ہیں، جن پر ہمیں توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔x

## Armed Forces Day

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے مسلح افواج کے یومِ پرچم کے موقع پر بھارتی مسلح افواج کے سبھی اہلکاروں، سابق فوجیوں اور ویر ناریوں کو مبارکباد دی ہے۔ جنرل چوہان نے ملک کی دفاعی تیاری اور قومی سلامتی کے تئیں، اُن کی گرانقدر خدمات، پختہ جذبے اور اُن کی دین کو تسلیم کیا۔ انہوں نے فوجیوں، ملاحوں اور فضائیہ کے اہلکاروں کے پختہ عزم، غیرمعمولی دِلیری اور عظیم قربانی کو سلام پیش کیا، جنہوں نے سبھی محاذوں پر ملک کے اقتدارِ اعلیٰ کا دفاع کیا ہے۔ x

## DGCA

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے Indigo کے CEO پیٹر Elbers کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے، جس میں بڑے پیمانے پر پروازوں میں رکاوٹ اور مسافروں کو ہونے والی پریشانی کے تعلق سے وضاحت طلب کی گئی ہے۔ انضباطی ادارے نے پروازوں کی آمدورفت میں خلل پڑنے کو منصوبہ بندی، نگرانی اور وسائل کے بندوبست میں کوتاہی اور غفلت قرار دیا ہے۔ x

## IMD

بھارتی موسمیات محکمے نے پنجاب، ہریانہ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں سردی کا زور جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور ہماچل پردیش میں اگلے دو دن تک گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔

انڈمان ونکوبار جزائر، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق بورڈ کے مطابق آج دن میں ایک بجے ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ 302 ریکارڈ کیا گیا۔ x

## Hockey South Africa Tour

مردوں کی ہاکی میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج کیپ ٹاؤن میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ سیریز کے بقیہ دو میچ اِس مہینے کی 9 اور 10 تاریخ کو کھیلے جائیں گے۔

عالمی درجہ بندی میں بھارت سرِدست ساتویں مقام پر ہے، جبکہ جنوبی افریقہ 12ویں پوزیشن پر ہے۔ بھارتی ہاکی ٹیم، ایشیا کپ 2025 کی چمپئن ٹیم کے طور پر کیپ ٹاؤن پہنچی ہے۔ بھارت نے فائنل میں کوریا کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہراکر پھر سے اپنی بالادستی قائم کی۔ اِس کامیابی سے بھارت نے ورلڈ کپ کیلئے بھی کوالیفائی کرلیا۔ x

## Nepal - EC

نیپال میں، انتخابی کمیشن - EC نے اگلے سال 5 مارچ کو ایوانِ نمائندگان کے ارکان کیلئے ہونے والے انتخابات کے پیشِ نظر، سیاسی پارٹیوں کیلئے 20 نکاتی ہدایات جاری کی ہیں۔

اِس طرح، انتخابی کمیشن نے قومی اسمبلی کے ایوان بالا کے انتخابات، اگلے برس دسمبر میں کرانے کا اعلان کیا ہے۔ اِس کے علاوہ، انتخابی نظام میں سبھی کی شمولیت والی تناسب نمائندگی کو یقینی بنانے کی غرض سے، ہر سیاسی پارٹی کو خاتون امیدواروں کی نمائندگی کی ضمانت دینی ہوگی۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں گواہاٹی ماسٹرس 2025 میں، بھارت کو سونے کا تمغہ ملنا طے ہے کیونکہ Sanskar Saraswat اور Mithun Manjunath مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سنسکار نے انڈونیشیا کے کھلاڑی کو 21-19، 21-19 سے شکست دی، جبکہ متھن نے اپنے ہموطن کھلاڑی Tushar Suveer کو 22-20 اور 21-8 سے ہرایا۔ آج فائنل میں مذکورہ دونوں بھارتی کھلاڑی ایک دوسرے سے مقابلہ کریں گے۔

خواتین سنگلز میں ابھرتی ہوئی کھلاڑی Tanvi Sharma آج فائنلز میں کھیلیں گی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆